31/05/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں سید مشاہد حسین

من کی بات-1

وزیر اعظم نریندر مو دی نے ملک کے اکثر حصوں میں جاری گرمی کی شدید لہر کو مد نظر رکھتے ہوئے عوام سے کہا ہے کہ وہ اپنا خاص خیال رکھیں۔ انہوننے کہا کہ لوگوں کو پانی کا زیادہ سے زیادہ استعمال کر تے ہوئے گرمی کے اثرات سے بچنے کےلئے سنبھل کر چلنا چاہئے۔

آکاشوانی پر آج اپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام من کی بات میں مختلف موضوعات پر خیالات کا اظہار کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ گرم لہر کے اثرات سے محفوظ رہنے کےلئے عوام کو سرکار اور متعلقہ محکموں کی طرف سے جا ری کئے جانے والے رہنما خطوط اور مشوروں پر عمل کرنا چاہئے۔

-------PM-Cut-1------

من کی بات-2

وزیر اعظم نے ملک کے ترقیاتی سفر کا ذکر کر تے ہوئے کہا کہ ہمارے آس پاس کچھ ایسی پیش رفت ہو رہی ہے جو بعض اوقات ہمیں نظر نہیں آتی۔ انہوننے کہا کہ ہمیں اُن لوگوں کا ساتھ دینا چاہئے جو ملک کی تعمیر میں تحریک بخش کام کر تے رہتے ہیں۔

-------PM-Cut-2------

انہوننے دیگر کئی اہم موضوعات کے علاوہ ماحولیات کا تحفظ یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔ انہوننے خاص طور پر ندی نالوں، دریاؤں اور تالابوں کو ہماری آنے والی نسلوں کے لئے محفوظ کرنے کی ضرورت اُجاگر کی۔

صوبائی کمشنر

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے پہلگام کا دورہ کر کے وہاں شری امر ناتھ جی یاترا کے سلسلے میں کئے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا ۔ ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے انہیں اس بارے میں تفصیلی جانکاری دی ۔

ڈویژنل کمشنر نے یاترا کے لئے کئے گئے انتظامات اور سیاحوں کی آمد میں اضافے پر اطمینان کا اظہار کیا ۔

CDS

راجا سبھرامنی ملک کے نئے چیف آف ڈیفنس سٹاف بن گئے NSسینئر فوجی آفیسر لیفٹنٹ جنرل ہیں۔آج اپنی نئی ذمہ داری سنبھالنے کے موقعے پر انہوننے کہا کہ سوچ اور ایکشن میں نیا پن لانے سے فوجی صلاحیتوں میں بہتری واقع ہوگی۔

نامہ نگارونسے بات کر تے ہوئے انہوننے اس مقصد کےلئے مسلح افواج، صنعت، اکیڈمیا،سٹارٹ اپس اور تحقیقی ماحول کے مابین زیادہ شراکت داری اور تعاون کی ضرورت اُجاگر کی۔

پریڈ

سرینگر کے لائٹ انفنٹری ریجمنٹل سینٹر میں ایک پاسنگ آوٹ پریڈ منعقدکی گئی، جس میں متعلقہ جوانوں کی ہم آہنگی، حب الوطنی اور فوجی درستگی کی ایک شاندار نمائش دیکھنے کو ملی۔ اس پریڈ سے اگنی ویروں کے ساتویں بیچ کے تحت 540 اگنی ویروں کی تربیت مکمل ہو گئی ہے۔

خاص مہمان تھے ، جنہوننے متعلقہ GOCپاسنگ آوٹ پریڈ میں فوج کی وائٹ نائٹ کور کے نے انہیں قومی خدمت GOCجوانوں کی مشق اور ان کے فوجی معیارات کےلئے ان کی سراہنا کی۔ میں پیش پیش رہنے کی تاکید کی ۔

منشیات

جموں کشمیر کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے سو دنوں پر ُمشتمل نشہ مکت ابھیان کے تحت سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں۔

منشیات کے ڈھانچے کو ختم کرنے نیز اس لت میں پھنسے نوجوانوں کی باز آباد کاری کیلئے بھی ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔ اس دوران جنوبی کشمیر کے ضلع کولگام میں کل ایک پد یاترانکالی جائے گی جس کے لئے تمام تیاریاں اور انتظامات مکمل ہیں۔

پولیس

اس دوران پولیس کی طرف سے سمگلروں کو پکڑنے ، ان کی جائیدادوں کو قرق کرنے اور ان کے نیٹ ورک کو توڑنے کےلئے مسلسل اقدامات کئے جا رہے ہیں۔

شوپیان ضلعے میں کیلر کے چووان علاقے میں پولیس نے زیر کاشت خشخاش کی ایک بڑی مقدار کو تباہ کیا۔ اس بارے میں متعلقہ کاشت کاروں کی نشاندہی کرنے اور ان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لانے کی شروعات کی گئی ہے۔

شوپیان

دریں اثناءڈپٹی کمشنر شوپیان شِشر گپتا کی صدارت میں ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران انہوننے ضلعے کے کسی بھی علاقے میں زیر کاشت نشہ آور فصلوں کو تباہ کرنے کی ہدایت دی۔

ضلع ترقیاتی کمشنر موصوف نے منشیات کے خلاف جا ری جنگ میں متعلقہ محکموں کی طرف سے کی گئی اب تک کی کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ بھی لیا۔

بانڈی پورہ

اسی طرح سے ضلع بانڈی پورہ میں بھی ضلع سطح کی نارکو کارڈنیشن کمیٹی کی ایک میٹنگ منعقد ہوئی۔

ضلعے کی ترقیاتی کمشنر اِندو کنول چب کی صدارت میں منعقدہ اس میٹنگ کے دوران تمام متعلقین کو منشیات کی لعنت کے خلاف کمربستہ ہوئے اور عام لوگوں کو اس کے مضر اثرات کے بارے میں ضروری جانکاری فراہم کرنے کی ضرورت اُجاگر کی گئی۔

ریل

اب ریل خدمات سے متعلق یہ خبر

-----Music------

جموں صوبے کے کٹھوعہ اور پنجاب کے مادھو پور کو ملانے والے ریل برج نمبر17پر تجدید کا کام مکمل کیا گیا ہے۔ شمالی ریلوے کے کمشنر آف ریلوے سیفٹی دنیش چند دیشوال نے جموں

ڈویژن کے کئی ریلوے افسران کے ہمراہ مذکورہ برج کا معائنہ کیا اور اس ریلوے برج پر ریل سروس چلائے جانے کی اجازت دی گئی ہے۔

-----Music-----

ستیش شرما

اسی دوران ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے نئی دلی میں ریلو ے کے وزیر اشونی ویشنو سے ملاقات کر کے، اُن سے سرحدی اضلاع راجوری اور پونچھ کو ریل سے جوڑے جانے کی دیرینہ مانگ کی۔

ستیش شرما نے جموں/ راجوری /پونچھا/ ریل پروجیکٹ کو ملحوظ خاطر رکھنے کا زور دار مطالبہ رکھا۔

تمبا کو نوشی

آج تمباکو نوشی کے خلاف عالمی دن ہے۔ آج کے دن دنیا بھر میں تمباکو نوشی کے مضر اثرات کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کی جا رہی ہے۔

اس سلسلے میں آج جمونو کشمیر میں بھی متعلقہ محکموں اور تنظیموں کی طرف سے کئی جانکاری پروگراموں کا اہتمام ہے۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....

....

....